# ادبیات

## غزل

### جناب الم مظفر نگری

---

محبت روزِ اول ہی سے میرِ بزمِ امکاں تھی
اسی کے پنجۂ تدبیر میں تقدیرِ انساں تھی

ہمیں تو پھوڑنا ہے سر اسیری ہو کہ آزادی
یہاں دیوارِ گلشن ہے وہاں دیوارِ زنداں تھی

ہراک اُلجھن میں تسکیں اس لئے ملتی رہی مجھ کو
کہ میری زندگی مجموعۂ ذوقِ پریشاں تھی

وداعِ فصلِ گُل پر کس لئے روتا چمن والو
کہ وہ تو اک نئی تنظیمِ رنگ و بو کا ساماں تھی

شکستِ عزم کا پیغام تھی ہر وسعتِ گلشن
بڑھایا ہمتوں کو جس نے وہ تنگیِ زنداں تھی

سبھی اس بزم گاہِ ناز میں محرومِ جلوہ تھے
اگر تھی تو حریفِ جلوہ میری چشمِ حیراں تھی

خزاں جب آئی تھی گلشن میں تو اس کی ستم خیزی
گلوں سے ہی نہیں کانٹوں سے بھی دست و گریباں تھی

سلیقے سے سنوارے ہیں نے اس کے منتشر جلوے
مرے آنے سے پہلے زلفِ دو عالم پریشاں تھی

جو محفل کو جلاتی، پھونک دیتی شمعِ محفل کو
دلِ پروانہ میں ایسی بھی اک شمع فروزاں تھی

حجاباتِ دو عالم میں کہیں منزل نہ تھی ان کی
جسے سمجھے تھے گردِ کارواں گردِ بیاباں تھی

متاعِ رنگ و بو پر آج برسانے لگی شعلے
وہی بجلی کہ جو کل میرے گلشن کی نگہباں تھی

جھکی تھی چشمِ بد خو سیکڑوں فتنے اُٹھانے کو
یہ جانا ہم نے وہ اپنے کئے پر کچھ پشیماں تھی

ٹپکتا کیوں نہ فصلِ گل میں خوں پھولوں کے دامن سے
چمن کی خاک میں آمیزشِ خونِ شہیداں تھی

جو دردِ زندگی بن کر تجھے دیتی رہی تسکیں
الم وہ نوکِ پیکانِ ستم جزوِ رگِ جاں تھی